راولپنڈی ترقیاتی ادارہ راولپنڈی

میٹروپولیٹن پلاننگ اینڈ ٹریفک انجینئرنگ ڈائریکٹوریٹ

پبلک نوٹس

ملک میں رئیل اسٹیٹ ایکسپوز کے انعقاد کے ذریعے پراپرٹی ڈیلرز، لینڈ ڈویلپرز اور مختلف مارکیٹنگ کمپنیوں، ہاؤسنگ اسکیموں، سوسائٹیوں اور مختلف رہائشی عمارتوں کے پراجیکٹس کی بکنگ کے لیے اپنے سٹالز لگاتے ہیں۔

آر ڈی اے نے NAB کی معاونت سے تیار کردہ ہاؤسنگ سکیم / سوسائٹی میں سرمایا کاری کی چیک لسٹ برائے آگاہی عوام الناس مرتب کی ہے اور عوام الناس کے مفاد میں آر ڈی اے ایک مرتبہ پھر یہ چیک لسٹ قومی روزناموں میں مشتہر کر رہا ہے اور اشتہار ہذا کے ذریعے عوام الناس کو مطلع کرنا چاہتا ہے کہ ایکسپو میں منعقد پراپرٹی اسٹالوں میں اسلام آباد کی حدود میں کسی بھی ہاؤسنگ سکیم / سوسائٹی یا رہائشی منصوبوں میں کرائی جانے والی بکنگ سے پہلے اور عمومی طور پر پراپرٹی کی اشتہاری مہموں کے ذریعے سرمایا کاری کرنے سے پہلے درج ذیل معلومات جانچ پڑتال کرلیں۔

ہاؤسنگ سکیم / سوسائٹی میں سرمایہ کاری کی چیک لسٹ برائے آگاہی عوام الناس

(i) ہاؤسنگ سکیم / سوسائٹی کا نام، بذات خود سوسائٹی کی جگہ دیکھیں اور اشتہارات میں کیئے گئے ترقیاتی کام کے دعوے اور درحقیقت سوسائٹی کی جگہ پر کیئے گئے کام میں فرق کا مشاہدہ کریں۔

(ii) کمپنی کے SECP کے ساتھ رجسٹرڈ ہونے کی تصدیق کریں اور یہ کہ کمپنی ہاؤسنگ سکیم یا سوسائٹی بنانے کی اہل ہے۔

(iii) اس بات کی تصدیق کرلیں کہ محکمہ مال کے ریکارڈ کے مطابق متعلقہ ہاؤسنگ سکیم یا سوسائٹی کے پاس بقدر ضرورت زمین موجود ہے۔

(iv) متعلقہ اتھارٹی سے سوسائٹی کے منظور شدہ نقشہ کی تصدیق کریں اور رجسٹریشن کے ساتھ منظور شدہ نقشہ کی Attested copy مانگیں۔

(v) NOC کی تصدیق راولپنڈی ترقیاتی ادارہ RDA سے کریں۔

(vi) اس بات کی تصدیق کریں کہ متعلقہ ہاؤسنگ سکیم یا سوسائٹی کے خلاف نیب یا کسی اور ادارے یا عدالت میں کوئی کیس تو نہیں۔

(vii) اکثر ہاؤسنگ سوسائٹی کے اشتہار میں ترقیاتی اخراجات کا ذکر نہیں ہوتا لہذا سرمایہ کاری سے پہلے اس کی In writing تفصیل بھی معلوم کریں۔

(viii) بجلی، گیس، پانی، ٹیلیفون اور سیوریج کی موجودہ صورت حال دیکھیں۔

(vx) ہاؤسنگ سوسائٹی کی جانب سے اشتہار میں دی جانے والی مذکورہ سہولیات مثلاً سکول، مسجد، پارک، ہسپتال، وغیرہ کی نہ صرف نقشہ میں تصدیق کریں بلکہ موقع پر خود مشاہدہ کریں۔

(x) رقوم کی ادائیگی ہمیشہ بذریعہ بنک کریں اور رقم ادائیگی کی تصدیق شدہ (بمع مہر) رسید حاصل کریں۔

(xi) کمپنی / ہاؤسنگ سوسائٹی کے صدر دفتر اور ذیلی شاخوں کے ایڈریس اور ٹیلیفون نمبر اپنے پاس محصوص رکھیں۔

(xii) مزید معلومات کیلئے یا کسی شکایت کی صورت میں مندرجہ ذیل نمبروں پر رابطہ کریں۔

(جمشید آفتاب)

ڈائریکٹر (ایم پی اینڈ ٹی ای)

راولپنڈی ترقیاتی ادارہ راولپنڈی لیاقت باغ مری روڈ راولپنڈی

فون نمبر: 051-5554043 فکس نمبر: 051-5762335

موبائل نمبر:۔ 0333-5178445